(Translation)

THE HYDERABAD SURRAH, GLANDERS, FARCY AND EPIZOOTIC LYMPHANGITIS PREVENTION ACT.

No. I of 1338 Fasli.

CONTENTS.

Sections.

Preamble.

1. Short title, commencement and repeal.
2. Definitions.
3. Power of Government to appoint officers.
4. Power of Officers to search.
5. Owner or holder to permit search.
6. Powers of officers regarding diseased horses.
7. Expenses of disinfecting the stable to be recovered as fine.

فہرست مضامین

قانون انسداد مرض سرا گلینڈرس فارسی اپیزوٹک لمفنجائٹس

ممالک محروسہ سرکار عالی

دفعہ

۔ تمہید ۔

۱ ۔ مختصر نام و تاریخ نفاذ و تنسیخ ۔

۲ ۔ تعریفات ۔

۳ ۔ سرکار عالی کا اختیار نسبت تقرر عہدہ داران ۔

۴ ۔ اختیار عہدہ داران نسبت معائنہ ۔

۵ ۔ مالک یا قابض معائنہ کی اجازت دے گا ۔

۶ ۔ مبتلا گھوڑوں کے متعلق عہدہ داران کے اختیارات ۔

۷ ۔ طویلہ پاک و صاف کرانے کے اخراجات مثل جرمانہ کے وصول ہوسکیں گے ۔

(Translation)

8. Owner to pay fodder, charges, etc.

۸ ۔ اخراجات خوراک وغیرہ مالک ادا کریگا۔

9. Arrangement for burial of carcass of a horse.

۹ ۔ گھوڑے کی نعش دفن کرنے کا انتظام ۔

10. Saving Government from liability.

۱۰ ۔ سرکار عالی کا ذمہ داری سے محفوظ ہونا۔

11. Punishment for obstructing an officer.

۱۱ ۔ عہدہ دار کی مزاحمت کی بابت سزا ۔

12. Punishment of Departmental officers acting with intent to vex.

۱۲ ۔ دق کرنے کی غرض سے عہدہ داران سررشتہ عمل کریں تو اس کی سزا ۔

13. Protection of acts done in good faith.

۱۳ ۔ نیک نیتی سے جو افعال کئے گئے ہوں ان کی بابت حفاظت ۔

14. Power of Government to make rules.

۱۴ ۔ سرکار عالی کا اختیار نسبت ترتیب قواعد۔

(Translation)

THE HYDERABAD SURRAH, GLANDERS, FARCY AND EPIZOOTIC LYMPHANGITIS PREVENTION ACT.

No. I of 1338 F.

(Received the assent of H. E. H. the Nizam on 11th Aban, 1338 Fasli).

WHEREAS it is expedient to make provisions regarding the prevention of Surrah, Glanders, Farcy and Epizootic Lymphangitis in horses, mules and asses: Preamble.

It is hereby enacted as follows :—

1. This Act may be called the Hyderabad Surrah, Glanders, Farcy and Epizootic Lymphangitis Prevention Act and shall come into force in the whole of H. E. H. the Nizam's Dominions from the date of its *publication Short title, commencement and repeal.

*Published in the Jarida dated 25th Aban 1338 F.

قانون

انسداد مرض سُرا گلینڈرس فارسی و اپیزوٹک لمفنجائٹس ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۱) ۱۳۳۸ف

(پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۱۱ آبان ۱۳۳۸ف منظور فرمایا گیا۔)

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ گھوڑوں خچروں اور گدھوں میں مرض سُرا۔ گلینڈرس فارسی و اپیزوٹک لمفنجائٹس کے انسداد کے متعلق قانون وضع کیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے۔

مختصر نام و تاریخ نفاذ و تنسیخ۔ دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون انسداد مرض سُرا۔ گلینڈرس فارسی و اپیزوٹک لمفنجائٹس ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت[1] جریدہ سے کل ممالک محروسہ

[1] جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲۵ آبان ۱۳۳۸ف میں شائع ہوا۔

(*Translation*)

in the Jarida and the Act No. IX of 1329 Fasli shall be repealed.

سرکار عالی میں ناقذ ہوگا۔ اور قانون نشان (۹) بابتہ ۱۳۲۹ف منسوخ ہوگا۔

2. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context —

Definitions.

تعریفات۔ | دفعہ ۲۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

(a) (i) 'diseased' means affected with Surrah, Glanders, Farcy and Epizootic Lymphangitis.

(الف)۔ (۱) لفظ "مبتلا" سے گھوڑوں کا مرض سرا۔ گلینڈرس فارسی و اپیزوٹک لمفنجائٹس میں مبتلا ہونا مراد ہے۔

(ii) The provisions of this Act relating to horses shall also apply to mules and asses.

(۲)۔ قانون ہذا کے احکام جو گھوڑوں سے متعلق ہیں وہ خچروں اور گدھوں سے بھی متعلق ہونگے۔

(b) 'Owner' means the owner of a horse affected with Surrah, Glanders, Farcy and Epizootic Lymphangitis.

(ب)۔ لفظ "مالک" سے کسی ایسے گھوڑے کا مالک مراد ہے جو مرض سرا۔ گلینڈرس فارسی و اپیزوٹک لمفنجائٹس میں مبتلا ہو۔

(c) 'holder' means a Daroga, groom or servant in charge of a horse affected with Surrah, Glanders, Farcy and Epizootic Lymphangitis.

(ج)۔ لفظ "قابض" سے داروغہ۔ سائیس یا ملازم مراد ہے جس کے ذمہ کسی ایسے گھوڑے کی داشت یا نگرانی ہو جو مرض سرا۔ گلینڈرس فارسی و اپیزوٹک لمفنجائٹس میں مبتلا ہو۔

(d) 'Director' means the Director of the Veterinary Department of H. E. H. the Nizam's Government.

(۴) - لفظ "ناظم" سے ناظم سررشتہ علاج حیوانات سرکار عالی مراد ہے -

(e) 'Officer' means an officer of the Veterinary Department of H.E.H. the Nizam's Government.

(۵) - لفظ "عہدہ دار" سے عہدہ دار سررشتہ علاج حیوانات سرکار عالی مراد ہے -

Power of Government to appoint officers.

3. The Government may, for the purposes of this Act, appoint Superintendents, Deputy Superintendents and Inspectors.

سرکار عالی کا اختیار نسبت تقرر عہدہ داران - | دفعہ ۳ - سرکار عالی کو اختیار رہوگا کہ قانون ہذا کی اغراض کے لئے مہتمم - نائب مہتمم وانسپکٹر مقرر کرے -

Power of officers to search.

4. Within his jurisdiction, every Superintendent, Deputy Superintendent and Inspector may, subject to the rules made in this behalf, enter and search any house, land or premises to ascertain if there is any diseased horse.

اختیار عہدہ داران نسبت معائنہ - | دفعہ ۴ - ہر مہتمم نائب مہتمم وانسپکٹر اپنے حدود کے اندر اس امر کا اطمینان کرنے کے لئے کہ آیا کوئی گھوڑا مبتلا ہے بیماری قواعد جو اس بارہ میں جاری کئے جائیں کسی مکان - اراضی یا احاطہ میں داخل ہوکر اس کا معائنہ کرسکے گا -

Owner or holder to premit search.

5. Every owner or holder shall, under the written authority of the Director, allow the Officers of the Department to enter and search his house, land or

مالک یا قابض معائنہ کی اجازت دے گا - | دفعہ ۵ - ہر مالک یا قابض پر لازم ہوگا کہ ناظم کے تحریری وثیقہ پر عہدہ داران سررشتہ کو

(*Translation*)

premises, without offering any resistance.

قانون انسداد مرض سرا وغیرہ۔ نشان (۱) ۱۳۳۸ف

اپنے مکان۔ اراضی یا احاطہ میں بلا مزاحمت آنے اور معائنہ کرنے کی اجازت دے۔

Powers of officers regarding diseased horses.

6. The Superintendent, Deputy Superintendent and the Inspector may—

دفعہ ۶۔ مہتمم۔ نائب مہتمم و انسپکٹر مجاز ہوگا کہ۔

مبتلا گھوڑوں کے متعلق عہدہ داران کے اختیارات۔

(i) medically examine any horse;

(۱)۔ کسی گھوڑے کا طبی معائنہ کرے۔

(ii) keep any horse under observation for a reasonable time for the purpose of diagnosis;

(۲)۔ بغرض تشخیص مناسب مدت تک کسی گھوڑے کو زیر معائنہ رکھے۔

(iii) arrange, when required, for the isolation of any horse and for its treatment;

(۳)۔ کسی گھوڑے کو حسب ضرورت علیحدہ مقام پر رکھنے اور علاج کرنے کا انتظام کرے۔

(iv) order the disinfection of any stable, shed or other place where the diseased horse is found;

(۴)۔ کسی طویلہ یا چھپر یا اور مقام کو جہاں کوئی مبتلا گھوڑا پایا گیا ہو پاک و صاف کرنے کا حکم دے۔

(v) cause to be disinfected or when required, destroyed any utensils or other things that are meant for the use of the diseased horse;

(۵)۔ کسی سامان یا ظروف کو جو کسی مبتلا گھوڑے کے استعمال کے لئے مقصود ہوں پاک و صاف کرائے یا حسب ضرورت تلف کرائے۔

(vi) cause to be burnt, to the extent that may be necessary, any grain, fodder, dung or rubbish if it is likely to spread the disease;

(vii) give order in writing for the destruction of any horse which is not likely to recover and intimate the Director of the same.

Expenses of disinfecting the stable to be recovered as fine.

7. When an order is made in accordance with the provisions of sub-section (4) of section 6 and the owner or holder does not comply with it within a reasonable time, the Superintendent, Deputy Superintendent or the Inspector may cause the stable, shed or other place where the diseased horse was found to be disinfected by the Veterinary Department and the expenses thereof may be recovered from the owner or holder as if it were a fine.

Owner to pay fodder charges etc.

8. The owner shall pay the expenses incurred on the horse from the date on which it is taken charge of by the Veterinary Department in accordance with sub-

(۶) - کسی دانے چارے - لید یا کچرے کو اگر اس سے مرض پھیلنے کا اندیشہ ہو بقدر ضرورت جلائے -

(۷) - اگر گھوڑا ایسی حالت میں ہو کہ اس کی شفا کی اُمید نہ ہو تو اس کے ہلاک کئے جانے کے متعلق تحریری حکم دے اور ناظم کو مطلع کرے -

طویلہ پاک وصاف کرانے کے اخراجات مثل جرمانہ کے وصول ہوسکیں گے -

دفعہ ۷ - جب حسب دفعہ ۶ ضمن ۴ کوئی حکم دیا جائے اور اس کی تعمیل مناسب مدّت کے اندر مالک یا قابض نہ کرے تو مہتمم نائب مہتمم یا انسپکٹر مجاز ہوگا کہ وہ سررشتہ علاج حیوانات کے ذریعہ سے طویلہ یا چھپر یا اور مقام کو جہاں کوئی مبتلا گھوڑا پایا گیا ہو پاک و صاف کرائے اور اس کے اخراجات مالک یا قابض سے مثل جرمانہ کے وصول کئے جاسکیں گے -

اخراجات خوراک وغیرہ مالک ادا کرے گا -

دفعہ ۸ - جس تاریخ سے گھوڑا حسب دفعہ ۶ ضمن ۳ نگرانی اور علاج کی غرض سے سررشتہ

section (3) of section 6 for the purpose of treatment upto the date on which it is delivered back.

علاج حیوانات کی نگرانی میں رکھا جائے اس تاریخ سے تاریخ واپسی تک کے جو اخراجات عائد ہوں اُن کی ادائی مالک پر لازمی ہوگی۔

Arrangement for burial of carcass of a horse.

9. When any horse dies while in charge of the said Department, the said Department shall forthwith make arrangement at the expense of the Government for the burning of the carcass or the burial thereof at least six feet below the surface of the ground.

گھوڑے کی نعش کے دفن کرنے کا انتظام۔

دفعہ ۹۔ جب کوئی گھوڑا زیر نگرانی سررشتہ مذکور مرجائے تو سررشتہ مذکور کی جانب سے فوراً اس کی نعش کے بہ خرچ سرکار عالی جلانے یا سطح زمین سے کم از کم چھ فیٹ نیچے دفن کرنے کا انتظام کیا جائے گا۔

Saving Government from liability.

10. The Government shall not be liable to pay any damage or compensation to the owner in respect of any horse which dies or is destroyed while in charge of the Government.

سرکار عالی کا ذمہ داری سے محفوظ ہونا۔

دفعہ ۱۰۔ جب کوئی گھوڑا نگرانی کی حالت میں مرجائے یا ہلاک کیا جائے تو اسکی نسبت سرکار عالی مالک کو کسی نقصان یا معاوضہ کے ادا کرنے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

Punishment for obstructing an officer.

11. Whoever, wilfully obstructs or offers resistance to the Officer of the Veterinary Department in the exercise of his functions

عہدہ دار کی مزاحمت کی بابت سزا۔

دفعہ ۱۱۔ عہدہ دار سررشتہ علاج حیوانات کے فرائض کی انجام دہی میں جو شخص عمداً مانع یا

he shall be punished with fine which may extend to fifty rupees.

مزاحم ہوگا اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی تعداد مبلغ (۵۰) تک ہوسکے گی۔

12. (1) Any officer of the Veterinary Department who, merely to cause vexation, enters or searches any house, premises or land or seizes or detains any horse on the pretence that it is diseased, shall be punished with imprisonment which may extend to six months or with fine which may extend to five hundred rupees or with both.

Punishment of Departmental Officers acting with intent to vex.

دفعہ ۱۲۔ (۱) کوئی عہدہ دار سررشتۂ علاج حیوانات سرکار عالی جو محض دق کرنے کی غرض سے کسی مکان۔ احاطہ یا اراضی میں داخل ہو یا معائنہ کرے یا کسی گھوڑے کو اس بہانے سے کہ وہ مبتلا ہے ایسی نگرانی میں لے یا رکھے اُس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد چھ ماہ تک ہوسکے گی یا جرمانے کی سزا دی جائے گی جس کی تعداد (۵۰۰) تک ہوسکے گی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

دق کرنے کی غرض سے عہدہ داران سررشتۂ عمل کریں تو اس کی سزا۔

(2) No prosecution under sub-section (1) shall be instituted after the expiry of three months from the date of the commission of offence.

(۲)۔ حسب ضمن کوئی استغاثہ تاریخ وقوع جرم سے تین مہینے کے بعد رجوع نہ ہوسکے گا۔

13. No Civil or Criminal case or any other legal proceeding shall be instituted against any officer for any act which is, in good faith, done

Protection of acts done in good faith.

دفعہ ۱۳۔ کوئی دیوانی یا فوجداری مقدمہ یا کوئی اور قانونی کاروائی کسی عہدہ دار

نیک نیتی سے جو افعال کئے گئے ہوں اُن کی بابت حفاظت۔

(Translation)

or intended to be done under this Act.

مقابلے میں کسی ایسے فعل کی بابتہ دائر نہ ہوسکے گی جو نیک نیتی سے تحت قانون ہذا کیا گیا ہو یا کیا جانا مقصود ہو۔

14. The Government may make rules for the purposes of this Act. Such rules may inter alia be framed for the prevention of the diseases mentioned in this Act.

Power of Government to make rules.

سرکار عالی کا اختیار بابت ترتیب قواعد

دفعہ ۱۴۔ قانون ہذا کی اغراض کے لئے سرکار عالی قواعد مرتب کرسکے گی ایسے قواعد منجملہ اور امور کے اس امر کے متعلق بھی ہوسکیں گے کہ امراض متذکرۂ قانون ہذا کا انسداد ہوسکے۔